حرفِ اوّل بسم اللہ الرحمٰن الرّحیم

ایک سالہ رجوع الی القرآن کورس

قرآن اکیڈمی لاہور کے ایک سالہ رجوع الی القرآن کورس میں تدریس کا آغاز یکم ستمبر سے ہو رہا ہے۔ اس کورس کا اجراء ۱۹۸۲ء میں قرآن اکیڈمی کی رفاقت سکیم سے منسلک حضرات کے لئے دو سالہ تعلیمی و تدریسی کورس کی حیثیت سے کیا گیا تھا۔ ۱۹۸۴ء سے اس کورس کو عمومی حیثیت دے دی گئی اور مرکزی انجمن خدام القرآن کے صدر مؤسس محترم ڈاکٹر اسرار احمد حفظہ اللہ نے جدید تعلیم یافتہ اصحاب کو دعوت دی کہ وہ اپنی حیاتِ مستعار کے پندرہ بیس سال مروّجہ دنیوی علوم کی تحصیل میں صرف کرنے کے بعد دو سال عربی زبان کو پختہ بنیادوں پر سیکھنے اور قرآن و حدیث اور فقہ اسلامی جیسے علوم کی تحصیل کے لئے وقف کریں۔ الحمد للہ کہ اس مردِ درویش کی پکار کو جدید تعلیم یافتہ طبقہ کی طرف سے پذیرائی حاصل ہوئی اور کراچی سے پشاور تک سے پچاس کے قریب احباب اس کورس میں شرکت کے لئے چلے آئے' جن میں اکثریت ڈاکٹرز' انجینئرز اور پوسٹ گریجویٹ حضرات کی تھی۔ شرکائے کورس کا جوش و خروش دیدنی تھا۔ کئی تشنگانِ علم لاہور کی دور دراز بستیوں سے روزانہ سفر کر کے کلاس میں شریک ہوتے۔ تدریس کی ذمہ داری جن فاضل اساتذہ کرام نے نبھائی ان میں نمایاں ترین نام حافظ احمد یار صاحب علیہ الرحمۃ کا ہے۔ حافظ صاحب مرحوم و مغفور نے پہلے عربی گرامر (صرف و نحو) کی پختہ بنیادوں پر تدریس فرمائی' اس کے بعد اس گرامر کا اطلاق کرتے ہوئے پورا قرآن حکیم بطور ٹیکسٹ پڑھایا' جو تعلیم و تعلّم قرآن کے میدان میں ایک انقلابی قدم تھا۔ یہ دو سالہ تعلیمی و تدریسی کورس تین گروپوں نے کامیابی سے مکمل کیا جس میں جدید تعلیم یافتہ حضرات نے پورے قرآن حکیم کے قواعد کے اجراء کے ساتھ ترجمہ' مطالعۂ قرآن حکیم کا منتخب نصاب تفصیلی وضاحت کے ساتھ اور احادیث نبویؐ کا مجموعہ مشکٰوۃ المصابیح پڑھنے کے ساتھ ساتھ اصولِ حدیث' فقہ اور اصولِ فقہ کی بنیادی معلومات کی تحصیل بھی کی۔ کچھ عرصے کے بعد محسوس ہوا کہ اس کورس میں شرکت کے خواہش مند بہت سے حضرات کے لئے دو سال کا وقت نکالنا خاصا مشکل ہو جاتا ہے' لہٰذا نصاب کو مختصر کر کے کورس کا دورانیہ ایک سال کر دیا گیا' جو الحمد للہ کئی سال سے کامیابی سے جاری ہے اور ہر سال بیسیوں اعلیٰ تعلیم یافتہ حضرات و خواتین اس سے استفادہ کرتے ہیں۔ آج کل اس کورس میں داخلہ جاری ہے اور یہ طالبانِ علم قرآن کے لئے اپنی پیاس بجھانے کا سنہری موقع ہے۔ کورس کا اشتہار زیرِ نظر شمارہ کے اندرونی بیک ٹائٹل پر ملاحظہ کیا جا سکتا ہے اور تفصیلی معلومات کے لئے پراسپکٹس حاصل کیا جا سکتا ہے۔ ○○